5421 ـ نصرانی کا اہتمام اسلام

سوال

میں سکول میں فی الحال اسلام کا مطالعہ کررہا ہوں جس کی بنا پرمیں دین اسلام کا اہتمام بھی کرنے لگا ہوں مجھے علم نہیں کا آپ کا میرے لیےتعاون کرنا ممکن ہے کہ نہیں ؟
اگر ممکن ہے توپھر آپ مجھے ای میل کے ذریعہ دین اسلام کے بارہ میں اپنی آراء سے نوازیں ، اوران اسباب کوبھی بیان کریں جوحتمی طورپردخول اسلام کا سبب بنتے ہیں ۔
مجھے اس میں کوئ شک نہیں کہ آپ کے پاس بہت سے ایسے سوالات ساری دنیا کے مسلمانوں کی جانب سے آتےہیں میں آپ کا بہت ہی احسان مند رہوں گا کہ اگرآپ میرے لیے بھی کچھ وقت نکال کر ای میل سے نوازیں گے ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم آپ کے مشکورہیں کہ آپ نے ایک بہت ہی اچھی ای میل کی جس میں آپ نے کچھ مطالبہ کیا ہے جسے بڑی خوشی کے قبول کرتے ہوئے اس سے بھی زیادہ خوشی کے ساتھ آپ کوجواب ارسال کرتے ہیں ۔

ہمیں ذاتی طورپربہت خوشی ہوی کہ آپ دین اسلام کی طرف مائل ہوئے ہیں اوراسلام کا اہتمام کررہے ہیں ، ہم آپ سے صرف اتنا کہیں گے کہ اگرآپ دین اسلام اورباقی ادیان کا آپس میں موازنہ اورمقارنہ کریں گے توآپ کودین اسلام کی فوقیت کا علم ہوگا کہ دین اسلام ہی ایک ایسا دین ہے جوباقی سب ادیان پرغالب و اعلی ہے ۔

دین اسلام کی پختگی اوراس کی اصحت اورتغیر وتبدل سے محفوظ اورجوکچھ بھی اسلام کے متعلق آیا ہے اس کا بالکل اسی طرح صحیح طورپرموجود ہونا اوردین اسلام کے جتنے بھی احکام ہیں وہ سب کے سب عدل وانصاف پرمبنی ہیں ۔

ہماری آپ سے گزارش ہے کہ آپ ان سوالوں کے جوابا ت کا بغور مطالعہ کریں (219 اور 3143) ان شاءاللہ آپ پربہت کچھ واضح ہوگا

تواس طرح دین اسلام کی یہ فوقیت ہے دین اسلام کے قبول کرنے اوردین اسلام میں داخل ہونے کے لیے کا فی ہے ،

تواب آپ بتائیں کہ جب یہ دین اسلام باقی سب ادیان کا ناسخ بھی ہواورپھر اللہ تعالی اپنےبندوں سے دین اسلام کے علاوہ کوئ اور دین بھی قبول نہ کرے توپھر اس اہمیت کیا ہوگی ؟

جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی نے انسانوں پراپنی آخری کتاب نازل کرکے اس میں یہ فرمان نازل فرمادیا :

اورجوبھی دین اسلام کے علاوہ کوئ اوردین تلاش کرے گا اللہ تعالی اس کے اس دین کوقبول نہیں فرمائے گا اوروہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا آل عمران (85) ۔

آپ سے گزارش ہے کہ اس موضوع پرمزید تفصیل کے لیے آپ مندرجہ ذیل سوال نمبروں کے جوابات کا مطالعہ کریں :

(4524) اور (6389) ا ور (2585)ا ور (4319) ۔

ہم ہروقت آپ کواپنی اس ویب سائٹ پرایک سائل بن مستفید ہونے والے کے ناطے سے اوراس کے صفحات کوپڑھنے کی اعتبار سے خوش آمدید اورمرحبا کہتے ہیں ۔

واللہ اعلم .